واشنگٹن ڈی سی واقع نیشنل وہسل بلوور سنٹر، مخبری قوانین کے شعبے میں کام کرنے والا رہنما این جی او ہے۔ ہم 30 سالوں سے زیادہ عرصے سے مخبروں کے تحفظ اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے کام کرتے آ رہے ہیں۔



**مخبر کون لوگ ہوتے ہیں؟**

مخبر اس شخص کو کہتے ہیں جو سرکاری عہدیداران کی بدعنوانیوں و رشوت خوریوں، جنگلاتی جرائم، یا کسی اور طرح ہو رہی قانون کی خلاف ورزی کی خبر متعلقہ اتھارٹیوں کو دے دیتے ہیں، اور اکثر وہ لوگ ایسا اپنے ذاتی رسک پر کرتے ہیں۔
بعض مخصوص قوانین کے تحت، این جو او کو بھی "مخبر" تسلیم کیا جاتا ہے۔

**جنگلاتی ٹریفیکنگ کے خلاف لڑائی میں مخبر ایک مضبوط طاقت کی حیثیت رکھتے ہیں!**

حالیہ برسوں میں، جنگلاتی جرائم کی تعداد میں قابل لحاظ اضافہ درج کیا گیا ہے، جس سے کئی ملکوں کی امن و سلامتی اور استحکام پر خطرات کے بادل منڈلا رہے ہیں۔

جنگلاتی ٹریفیکنگ کئی بلین ڈالر پر مشتمل ایک بین الاقوامی صنعت ہے، جس میں ہونے والی قید و بند اور سزاؤں کی تعداد بہت کم ہے۔
اندرون کی خبر رکھنے والے، مخبروں کی حوصلہ افزائی جنگلاتی جرائم کا پتہ لگانے میں انقلابی تبدیلیوں پر منتج ہوگی، قانون کے مؤثر نفاذ اور ذاتی تعمیل کی صورت حال بہتر کرے گی اور معدوم و کالعدم ہونے کے ممکنہ بحران پر قابو پا لے گی۔

**جنگلاتی جرائم کے ثبوت کی رپورٹ کرنا**

اگر آپ کے پاس کسی غلط سرگرمی کی براہ راست معلومات اور ایسے دستاویزات ہیں جو غیر قانونی سرگرمیوں کی توثیق کرتی ہوں، تو ممکن ہے آپ اس طرح کے جنگلاتی جرائم کی بابت خبر رسانی کا فریضہ انجام دینے پر غور کریں۔
آپ کے مشاہدے میں جو جنگلاتی جرم ہے اس کے ثبوت جمع کرنا اور منظم کرنا بہت اہم ہوتا ہے۔ لاء انفورسمنٹ ایجنسیاں تفتیش پر اس صورت میں جلدی آمادہ ہوتی ہیں جب خبر کے ساتھ مندرجہ ذیل پختہ ثبوت بھی فراہم کیے گئے ہوں:

- تصویریں
- ای میل
- بزنس کارڈ
- سائنٹفک رپورٹیں
- بلنگ رکارڈ
- بجٹ اور فائنانشیل ڈاٹا
- داخلی رپورٹیں
- ملاقاتی نوٹ
- ویڈیو اور ووائس رکارڈنگ
- سائنٹفک ٹسٹ نتائج
- ٹرانزٹ کے راستے اور ٹرانسپورٹ کے طریقے
- بینک اکاؤنٹ کی معلومات
- رشوت خوری اور منی لانڈرنگ کے ثبوت

ایسے افراد جن کے پاس کسی بھی ملک میں جنگلاتی تحفظ قوانین کی

خلاف ورزی سے متعلق معلومات ہوں، انہیں تاکید کے ساتھ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ قانونی نمائندگی حاصل کر لیں تاکہ ان کی معلومات محفوظ طریقے سے ہینڈل کی جا سکیں۔

**مخبروں کے لیے انعامات**
بین الاقوامی مخبروں نے یو ایس ریوارڈ قوانین کے تحت غیر ملکی عہدیداران کی رشوت خوری کے بارے میں رپورٹنگ کی بنیاد پر 30$ ملین سے زائد رقم وصول کی ہے۔

یو ایس حکومت نے 31.8$ ملین سے زائد رقم ان غیر امریکی مخبروں کو ادا کی ہے جنہوں نے کھلے سمندروں میں سمندری آلودگی کے بارے میں رپورٹ کی تھی۔
این ڈبلیو سی کا گلوبل وہسل بلوور پروگرام، لیسی ایکٹ، فارن کرپٹ پریکٹسس ایکٹ اور فالس کلیمز ایکٹ جیسے قوانین کی مدد سے اندر موجود مخبروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ ٹریفیکنگ اور دیگر جنگلاتی جرائم سے متعلق رپورٹ کریں۔

**مخبروں کے لیے انعامات اور تحفظ**
جنگلاتی جرائم سے لڑنے کے لیے تیار کیے گئے ایسے کئی بین الاقوامی طور پر قابل اطلاق یو ایس قوانین ہیں، جن میں مخبروں کے انعامات سے متعلق کئی پختہ احکامات موجود ہیں۔

یہ انعاماتی قوانین دنیا بھر کے ان تمام مخبروں کی حمایت کرتے ہیں جو ایسے جنگلاتی قوانین کی کلیدی خلاف ورزیوں کا انکشاف کرتے ہیں جن قوانین کی رو سے جانوروں، مچھلیوں، پیڑ پودوں اور خطرے کے نشان میں آنے والی پرجاتیوں کو غیر قانونی زراعت، ٹریفیکنگ اور امریکہ میں، یا امریکی افراد یا امریکہ سے متعلق کمپنیوں کے ذریعہ درآمد سے تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔

این ڈبلیو سی کا گلوبل وائلڈ لائف وہسل بلوور پروگرام ایک محفوظ اور مکمل رازداری پر مبنی آن لائن پلیٹ فارم دستیاب کراتا ہے جس پر دنیا بھر کے لوگ جنگلاتی جرائم کی رپورٹ کر سکتے ہیں، اور پھر یہ پلیٹ فارم مخبروں کو ایسے وکیلوں سے جوڑتے ہیں جو ان کی رپورٹیں امریکی اتھارٹیوں کو رپورٹ کرنے اور متعلقہ امریکی قوانین کے تحت ان کے لیے انعامات کی درخواست میں مدد کر سکتے ہیں۔

این ڈبلیو سی کے گلوبل وائلڈ لائف وہسل بلوور پروگرام نے 2016 وائلڈ لائف کرائم ٹیک چیلنج کے دوران ایک بڑا انعام حاصل کیا ہے، یہ چیلنج نیشنل جیوگرافک سوسائٹی، دی سمتھسونین انسٹی ٹیوشن، اور TRAFFIC کے اشتراک سے منعقد کی گئی USAID کی ایک پہل تھی۔ پروگرام کو ایک خاصی بڑی گرانٹ سے دی وائلڈ کیٹ فاؤنڈیشن نے بھی نوازا۔

www.whistlelowers.org/wildlife help@whistleblowers.org